سوال

(293) مسجد میں بلند آواز سے تلاوت

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا مسجد میں اس وقت بلند آواز سے قرآن مجید کی تلاوت جائز ہے جب کچھ نمازی نفل ادا کر رہے ہوں ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ
الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اس وقت مسجد میں بلند آواز سے تلاوت جائز نہیں ہے جب کہ گردوپیش کے نمازیوں یا قرآن مجید کی تلاوت کرنے والوں کے خلل میں مبتلا ہونے کا اندیشہ ہو، اسی طرح مسجد سے باہر جس جگہ بھی تلاوت سے نمازیوں سے یا قرآن مجید کی تلاوت کرنے والوں کے خلل میں مبتلا ہونے کا اندیشہ ہو تو سنت یہ ہے کہ تلاوت بلند آواز سے نہ کی جائے کیونکہ حدیث سے یہ ثابت ہے کہ ایک دن نبی ﷺ جب مسجد میں تشریف لائے تو آپؐ نے دیکھا کہ کچھ لوگ نماز پڑھ رہے ہیں اور بلند آواز سے قرات کر رہے ہیں تو نبی علیہ السلام نے فرمایا کہ ''تم میں سے ہر شخص اپنے رب سے سرگوشیاں کر رہا ہے لہذا ایک دوسرے کو تکلیف نہ دو۔''

[مقالات وفتاویٰ ابن باز]

صفحہ 389

محدث فتویٰ